ایک بندہ نے گناہ کیا اور پھر بول اٹھا : اے اللہ! میرا گناہ معاف کر دے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے اپنے رب تبارک و تعالی سے روایت کرتے ہوئے فرمایا: "ایک بندے نے گناہ کیا اور پھر بول اٹھا : اے اللہ! میرا گناہ معاف کر دے اس پر اللہ تبارک و تعالی نے فرمایا : میرے بندے نے گناہ کیا اور پھر اس کے اس یقین نے انگڑائی لی کے اس کا ایک رب ہے، جو گناہ کو معاف بھی کرتا ہے اور گناہ پر گرفت بھی کرتا ہے اس بندے نے پھر دوبارہ گناہ کیا اور بول پڑا کے اے میرے رب! میرا گناہ معاف کر دے اس پر اللہ تبارک و تعالی نے فرمایا : میرے بندے نے گناہ کیا اور پھر اس کے اس یقین نے انگڑائی لی کے اس کا ایک رب ہے، جو گناہ کو بخش بھی دیتا ہے اور گناہ پر گرفت بھی کرتا ہے تم جو چاہے کرو، میں نے تم کو معاف کر دیا"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم اپنے رب سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کے بندے جب کوئی گناہ کر بیٹھتا ہے اور اس کے بعد کہتا ہے کے اے الهي! مجھے بخش دے، تو اللہ کہتا ہے: میرے بندے نے گناہ کیا اور وہ جانتا ہے کے اس کا رب ہے، جو گناہ معاف کرتا ہے اور اس سے درگزر کرتا ہے یا اس پر سزا دیتا ہے، لہذا میں نے اسے بخش دیا پھر جب بندے دوبارہ گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے کے اے الهي! مجھے بخش دے، تو اللہ تعالی کہتا ہے کے میرے بندے نے گناہ کیا اور اس کا یقین ہے کے اس کا ایک رب ہے، جو گناہ معاف کرتا اور اس سے درگزر کرتا ہے یا اس پر سزا دیتا ہے، لہذا میں نے اسے بخش دیا جب بندے پھر گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے کے اے الهي! مجھے بخش دے، تو اللہ کہتا ہے کے میرے بندے نے گناہ کیا اور وہ یہ جانتا ہے کے اس کا ایک رب ہے، جو گناہ معاف کرتا اور اس سے درگزر کرتا ہے یا اس پر سزا دیتا ہے، لہذا میں نے اپنے بندے کو بخش دیا اب وہ جو چاہے، کرے، جب تک حالت یہ ہو کے ہر بار گناہ کرنے کے بعد وہ فورا گناہ کرنا چھوڑ دے، شرمندہ ہو اور دوبارہ گناہ نے کرنے کا ارادہ کر لے، لیکن نفس کے بہکاوے میں آکر پھر گناہ کر بیٹھے جب تک یہ حالت بنی رہے، یعنی گناہ کرے اور توبہ کر لے، تو میں اسے معاف کرتا رہوں گا کیوں کے توبہ پہلے کیے ہوئے گناہوں کو ختم کر دیتی ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4817